© rasailojaraid.com

# نظام فتوت کے چند منابع

محمد ریاض

نظام فتوت یا جواں مردی کو اخیت، فروسیت اور کئی دیگر ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ یہ نیکی اور باہمی تعاون و یگانگت کا ایک نظام تھا جو تیسری صدی ہجری سے گیارھویں صدی ہجری تک باقاعدہ نافذ اور متداول رہا۔ فتیان، جوانمردوں یا اخیان کے رفاہی کاموں کا تعارف ہم نے کوئی آٹھ سال قبل پیش کیا تھا (ماہنامہ فکر و نظر اسلام آباد اپریل و مئی ۱۹۷۰ء) یہاں گفتہ را باز گفتن، کی ضرورت نہیں۔ مگر اکثر حضرات نظام فتوت کی حامل کتابوں کا پوچھا کرتے ہیں۔ اس لئے رسائل فتوتیہ یا فتوت ناموں کی سات مستقل کتابوں کا مختصر تعارف پیش کرنا یہاں مقصود ہے۔

فتوت و جوانمردی کے بارے میں کئی کتب میں اقوال ہی مذکور نہیں، باقاعدہ ابواب بھی متعین کئے گئے ہیں۔ مثلاً عبدالرحمن السلمی نیشاپوری (م ۴۱۲ھ) کی طبقات الصوفیین، امام ابوالقاسم قشیری (م ۴۶۵ھ) کا رسالہ القشیریہ، امام فخرالدین رازی (م ۶۰۶ھ) کی تفسیر ''اسرار التنزیل''، شیخ شہاب الدین سہروردی کی تالیف، عوارف المعارف، (یہ تمام کتب عربی میں ہیں) اور شیخ محمود آملی (م ۷۵۳ھ) کی فارسی کتاب ''نفائس الفنون'' پر ایک نگاہ ڈالی جا سکتی ہے۔ ان کتب میں نظام فتوت کے نظری اور عملی پہلوؤں پر کافی لکھا گیا ہے، مگر یہ اس موضوع کی مستقل کتابیں پھر بھی نہیں ہیں۔ دراصل تصوف اور نظام اخلاق کے ذکر میں ضمناً فتوت پر بھی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لکھا گیا ہے ۔ نظام جوانمردی کے بارے میں کئی زبانوں میں مستقل تحقیقات موجود ہیں، مگر اساسی کتب عربی میں ملتی ہیں یا فارسی میں ۔ مخطوطات کی فراوانی سے قطع نظر، مطبوعہ فتوت نامے راقم الحروف کی دسترس میں صرف سات ہیں ۔ ایک عربی میں ہے اور بقیہ فارسی میں ۔ ان کتابوں کا مختصر تعارف ہی اس مقالے کا مقصود ہے ۔ مگر نظام فتوت کے موضوع کے بارے میں فتوت نامہ سلطانی (نمبر ۷ دیکھیں) کی ابتدائی فصول کے مختصر اقتباسات ترجمہ کرکے نقل کردیں:

" . . . . علم جوانمردی کا موضوع انسانی نفس ہے کیونکہ افعال بد کے ارتکاب یا پسندیدہ اعمال کی انجام دہی کی نسبت اسی سے کی جاتی ہے ۔ اس علم کا مقصد یہ ہے کہ نفس انسانی تزکیہ و تصفیہ کو اپنا وقار و شعار بنائے تاکہ قد افلح من زکھا و قد خاب من دسھا، (۹ - ۱۰ / ۹۱) کے قرآنی فرمان کے مطابق صاحب نفس کی نیک نامی اور نجات کا سامان میسر آسکے . . . عرف عام کی اصطلاح کی رو سے فتوت یا جوانمردی یہ ہے کہ انسان اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ کا حاسل ہو اور فضائل و اوصاف میں وہ دوسروں سے ممتاز تر ہو۔ مگر خواص اس بات کو یوں بیان کرتے ہیں کہ فتوت فطرت انسانی کو منور و متجلی کرنا ہے تاکہ فضائل رذائل پر غالب آجائیں . . . فتوت ایک پر وقار روش ہے اور یہ توحید و تصوف کا ایک شعبہ ہے۔ مگر یہ ایک عملی روش ہے اور نظری طور پر اس کی تعریفات سے تشفی نہ ہوگی"۔

خواجہ کمال الدین عبدالرزاق کاشی نے اپنی عربی کتاب (دیکھیں نمبر ۵) میں فرمایا ہے:

علم الفتوۃ علم لیس یعرفہ الا اخو فطنۃ بالحق موصوف
و کیف یعرفہ من لیس یشھدہ و کیف یعرف ضوء الشمس مکفوف



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور اسی مولف نے اپنے فارسی فتوت نامے ''قواعد الفتوه،، میں شیخ فرید الدین عطار کے اشعار نقل کئے ہیں کہ :

دیدهٔ دل از فتوت روشن است　　روضه جان از فتوت گلشن است

گر بود علم فتوت بر سرت　　هر زمان بخشد صفای دیگرت

## شیخ سہروردی کے دو فتوت نامے :

شیخ الاسلام، ابو حفص شہاب الدین عمر سہروردی (م ۶۳۲ھ/۱۲۳۴ء) اپنے عصر کے بہت بڑے صوفی اور مصنف تھے ۔ عوارف المعارف ان کی معروف تصنیف ہے ۔ ان کی چار دوسری تصانیف بھی بے حد اہم مانی جاتی ہیں ۔ جذب القلوب الی مواصلة المحبوب، رشف النصائح، اعلام التقی اور اعلام الہدی۔ ان عربی کتابوں کے فارسی ترجمے موجود ہیں ۔ ان کی بعض تصانیف اردو اور دیگر زبانوں میں بھی منتقل ہو چکی ہیں ۔ آپ ۵۳۹ھ-۱۱۴۵ء میں زنجان (ایران) کے ایک موضع سہرورد میں پیدا ہوئے ۔ جوانی میں بغداد تشریف لے گئے اور وہاں اپنے ماموں ابو النجیب عبدالقاهر سہروردی (م ۵۶۳ھ-۱۱۶۸ء) کے مرید ہوئے ۔ ان کے پیران طریقت میں سید عبد القادر گیلانی (م تقریباً ۵۶۱ھ ۱۱۶۵ء) بھی شامل تھے ۔ شیخ سہروردی نے بغداد میں ایک خانقاہ قائم کی اور مدتوں ارشاد خلائق کا کام انجام دیا ۔ وہ بغداد میں ہی مدفون ہیں ۔

شیخ سہروردی کے دو فارسی فتوت نامے موجود ہیں ۔ جرمن مستشرق فرانتز تیشنر نے اپنے مقالوں میں انہیں متعارف کرایا تھا(۱) ۔ ۱۹۷۳ء میں مرتضی صراف نے ''رسائل جوانمرداں،، کے عنوان سے جو چند فتوت نامے تہران سے شائع کرائے، ان میں یہ دونوں کتابیں بھی شامل ہیں ۔ سہروردی نے عوارف المعارف میں بھی فتوت و جوانمردی سے بحث کی ہے، مگر ان کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ دو فتوت نامے مظہر ہیں کہ انہیں اس مسلک سے غیر معمولی دلچسپی تھی۔ ان کی ان کتابوں کے مخطوطے کتب خانہ ایاصوفیا (استنبول) میں موجود ہیں۔ ایک مختصر فتوت نامہ ہے (مطبوعہ ۱۳ صفحے) اور دوسرا خاصا مفصل (۶۳ صفحات) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلا شیخ موصوف کی تحریر ہے اور دوسرا ان کی املا۔

## ۱ ۔ مختصر فتوت نامہ (انشائے سہروردی)

فرماتے ہیں کہ فتوت کا رواج حضرت شیث بن حضرت آدم کی سنت سے ہوا ہے۔ حضرت شیث بے حد عبادت گزار تھے۔ اس طرح انہیں اپنے کاموں سے زیادہ دوسروں کے کاموں کی فکر تھی۔ حضرت آدم نے اپنے بیٹوں سے فرمایا تھا کہ شیث کی مدد کیا کرو کیونکہ اسے اپنے کاموں کی انجام دہی کا خیال نہیں رہتا۔ ان کے زمانے سے حضرت ابراہیم کے عہد تک فتوت اور طریقت ایک تھیں۔ انہوں نے دونوں کے جداگانہ خرقے متعین کئے، اور دونوں کے ظاہری اور باطنی آداب مقرر فرمائے۔ ظاہری آداب میں حلال و حرام کی تمیز اور اعضائے فعال کا برے کاموں سے روکنا ہے۔ مثلاً سمع و بصر اور دست و پا کا پسندیدہ کاموں میں مشغول رکھنا اور زبان و دہان سے غیبت و بہتان و بدکلامی اور حرام خوری کا کام نہ لینا۔ باطنی و قلبی صفات کو وہ سخاوت، مہربانی، تواضع، عفو، عظمت اور صحو کہتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ فتوت، خلت ابراہیم ہے۔ انہوں نے یہ روش اپنے فرزند حضرت اسماعیل کو سکھائی اور یوں نسلاً بعد نسل یہ سلسلہ حضرت محمدص پر منتہی اور کامل ہوا۔ آپ کا یہ قول ہی جو ایک حدیث سے مستعار ہے فتوت کا مظہر کامل ہے کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔ نبی اکرم کی سخاوت اور مہربانیاں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلم و غیر مسلم سب کے لئے یکساں طور پر وقف رھیں۔ آپ کی سنت فتوت سے یوں تو سب مستفید ہوئے ھیں، مگر حضرت علیؓ نے اس مسلک کے آداب سیکھنے میں تخصص حاصل کیا ھے۔ چنانچہ فتوت کو میراث علی قرار دینا نا مناسب نہیں ھے۔

## ۲۔ مفصل فتوت نامہ (املائے سہروردی)

شیخ سہروردی فرماتے ھیں کہ فتوت، فتوے سے مشتق ھے۔ ھر پسندیدہ کام فتوت ھے۔ اگرچہ فتوت میں اور شریعت، طریقت اور حقیقت میں کوئی مغائرت نہیں مگر اس مسلک کے جداگانہ آداب و سنن رکھے گئے ھیں۔ یہاں بھی انھوں نے حضرت شیث تا حضرت محمد ص فتوت کی تاریخ بیان کی ھے۔ کلمہ فتوت کے بنیادی حروف تین ھیں۔ (ف، ت، و) اور شیخ موصوف نے ان سے بھی بحث فرمائی ھے۔ انھوں نے ۲۰ ایسے الفاظ لکھے جو ف، ت، یا و کے آغاز سے بنتے ھیں (۷ ف کے، ۱۴ ت کے اور ۴ و کے) اور وہ اس مسلک کے معترف بھی ھیں: ''ف،، سے فتوح، فصاحت، فراغت، فہم، فراست، فعل ''ت،، سے توکل، توبہ، تواضع، تصدیق، تصور، تحمل، تطوع، تہجد، تلطف، تبرک، تصرف، تمکین، تفکر، تسکین۔ ''و،، سے وفا، ورع، ولایت، وصلت۔

وہ نام نہاد فتیان اور اخیان کے شاکی اور ناقد بھی ھیں۔ فرماتے ھیں کہ سیاہ کاروں، مغروروں اور جاھلوں کو فتوت سے کوئی نسبت نہیں ھو سکتی۔ فتوت کا مظہر یہ حدیث ھے کہ ''تخلقوا باخلاق اللہ،، (اللہ کے اخلاق اپناؤ) اس فتوت نامے کے دو اصل جملے ملاحظہ ھوں:

''فتوت راہ نمائی است بہ جملہ طرائق خوب و نزدیک کنندہ است بانبیاء و صدیقان و شہیدان و اولیا و بہشت و بہ حق سبحانہ و تعالی۔ پس از ھمیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



است که فتوت بر ترین جمله طریقه هاست،، (رسائل جوانمرداں صفحہ ۔ ۱۱۰)

''کمال فتوت چنانکه حقیقت حق است باری تعالی راست و در خاصان ایزد عز شانه مصطفی علیه السلام راست،، (ایضاً صفحہ ۱۱۱)

اس فتوت نامے کے ۵ باب ھیں اور آخری باب تربیت جوانمرداں کے آداب کے لئے مختص ھے ۔ کتاب کے ''ابتدائیه،، میں آپ نے لکھا ھے :

''راہ فتوت پر چلنا کسی بدکردار کے بس کی بات نہیں۔ حلال اور حرام کی تمیز نہ کرنے والے، حرام پر نفس کو متوجہ رکھنے والے، روز و شب ھوی و ھوس میں زندگی گزارنے والے، دینار و درھم کے بندے اور مغرور لوگ اخی اور فتی کے نام سے بے شک موسوم ھوتے رھیں، اس مسلک سے ان کا کوئی تعلق نہیں ھے ۔ جوانمرد وہ ھے جو نیک اور پاک داسن ھو، اطاعت حق اس کا شیوہ ھو، شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت کا جویا ھو اور ان چہار گانہ راستوں سے دور نہ ھٹے ۔ پنج گانہ نماز ادا کرے، فرض اور نفل روزے رکھا کرے اور شب زندہ دار ھو، مگر اتنی دین داری ماضی کے فتیان کا شیوہ رھا ھے ۔ جوانمرد وہ ھے جو محنت سے روزی کمائے، اھل و عیال کو کھلائے اور مساکین کی بھی اعانت کرے ۔ اگر مجرد ھو تو اپنی ضرورت سے فاضل مال کو اسے ایثار کر دینا چاھیئے ۔ اسے چاھیے کہ نیک ھو اور نیکی کی دوسروں کو بھی تعلیم دے ۔ امربالمعروف اور نہی عن المنکر بھی جوانمردوں کے کاموں میں سے ھے،، ۔ ۔

### ۲ ۔ کتاب الفتوة لا بن المعمار الحنبلی

ابن المعمار حنبلی (م ۶۴۲ھ) بغداد کے ایک جوانمرد عالم تھے ۔ نظام جوانمردی و فتوت کے بارے میں ان کی واحد عربی کتاب ابھی شائع ھوئی ھے۔ مجموعی حیثیت سے یہ کتاب فارسی کی ھر کتاب جوانمردی سے جامع تر ھے ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس میں فتوت کی خاص اصطلاحات بھی موجود ہیں۔ فارسی کے کسی فتوت نامے میں یہ اصطلاحات موجود نہیں ہیں۔ البتہ شمس الدین محمود آملی نے نفائس الفنون فی عرائس العیون میں انھیں تقریباً اسی ''کتاب الفتوہ،، کی طرح لکھا ہے۔ (دیکھیں ماہنامہ فکر و نظر اسلام آباد مئی ١٩٧٠ء)۔

یہ کتاب ١٩٥٨ء میں بغداد سے شائع ہوئی۔ ڈاکٹر مصطفی جواد مرحوم کے مفصل مقدمے نے اس کتاب کو چار چاند لگادئیے ہیں۔ فتوت نامہ سلطانی کے فارسی مقدمے میں ڈاکٹر محمد جعفر محجوب نے اس عربی مقدمے سے بھر پور استفادہ کیا ہے۔ ڈاکٹر مصطفی جواد نے اپنے مقدمے میں فتوت کے نام سے موسوم تقریباً جملہ تحریکوں کا ذکر کردیا ہے۔

''کتاب الفتوہ،، ایک اعتبار سے نظام فتوت کے زرین عہد میں لکھی گئی۔ معاصر عباسی خلیفہ الناصر لدین اللہ (٥٧٥ تا ٦٢٢ھ) نے فتوت اور فتیان کی سر پرستی کی تھی۔ خلیفہ نے معاصر مسلمان بادشاہوں اور حاکموں کو فتوت ناصری کے خاص لباس اور خرقے بھی پہنوائے تھے۔ مختلف شہروں میں اس خلیفہ نے رفاھی کاموں کا تداول کروا کر نظام فتوت کے عملی نمونے فراہم کئے تھے۔ بغداد کے یتیم خانوں، ہسپتالوں اور مہمان خانوں وغیرہ کی کیفیت ابن کثیر کی 'الکامل فی التاریخ' میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ کتاب الفتوہ،، فتوت ناصری کی معرف ہے اور پورے نظام فتوت کی بھی۔

ابن المعمار پہلے دین اسلام کی اساسی اخلاقی تعلیمات پر روشنی ڈالتے ہیں جن سے نظام فتوت، منشعب ہوا ہے۔ پھر وہ نظام فتوت کی تاریخ لکھتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم کی ذات گرامی فتوت اور ایثار کا نمونہ ہے۔ سیرت پیغامبر سے جملہ صحابہ مستفیض ہوئے مگر حضرت علی فتیان کے لئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی ایسے ہی قابل توجہ رہے ہیں، جس طرح صوفیا کے لئے۔ صوفیا کے بعض سلسلے حضرت ابوبکر صدیق سے بھی ملتے ہیں مگر فتیان کے خرقے حضرت علی سے ہی متصل ہیں۔ نظام فتوت، فتیان کی کوشش سے جملہ مسلمان آبادیوں میں مروج رہا، مگر بعض مقامات پر اس نظام کے ذریعے ایثار شجاعت و شہامت، اور دوسروں کے ساتھ عملی تعاون کا مظاہرہ زیادہ ہوتا رہا ہے۔ خلیفہ عباسی، الناصر لدین اللہ نے مسلمانوں کی وحدت و یک رنگی اور ان کی اجتماعی قوت کی موجودگی کی خاطر اس نظام کو مفید جانا اور سرکاری طور پر اس کی تائید اور سر پرستی کی۔ مصنف خلیفہ عباسی کے مختلف جوانمردانہ اعمال کی تفصیل بتاتے ہیں۔

''کتاب الفتوہ،، ابواب اور فصول میں منقسم ہے۔ اس میں فتوت کے آداب اور شرائط مذکور ہیں۔ اس نظام کی ایجابی اور سلبی خصوصیات تفصیل کے ساتھ مذکور ہیں۔ یہ بات دلچسپ ہے کہ مصنف کی نظر میں دنگا فساد کرنے والے، چور بازاری کے مرتکب اور گراں فروش لوگ نظام فتوت کے رکن نہیں بن سکتے۔ کتاب میں اشعار، تمثیلات اور حکایات بھی ملتی ہیں۔ ان حکایات میں فتیان کے ایثار اور ان کی نیکو کاریوں کا بیان ملتا ہے۔

**۴ - فتوت نامہ ، شیخ زرکوب :**

شیخ نجم الدین ابوبکر محمد طاھری تبریزی (م ۷۱۲ھ - ۱۳۱۳ء) ساتویں آٹھویں صدی ھجری کے باکمال صوفیا میں سے تھے۔ ان کے حالات زندگی بہت کم معلوم ہیں۔ ابن الکربلائی کی کتاب '' روضات الجنان و جنات الجنان،، (جلد اول) میں ان کے ضروری کوائف البتہ مل جاتے ہیں۔ وہ سہروردی طریق کے صوفی تھے۔ اسی کتاب (روضہ چہارم) سے ان کا سال ولادت ۶۳۱ھ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۲۳۴ء مستنبط ہوتا ہے۔ ان کا فتوت نامہ ''رسائل جوانمرداں،، کے کوئی ۵۰ صفحات کو محیط ہے (صفحہ ۱٦۸ تا ۲۱۸)، لیکن بظاہر یہ ان کے اصل فتوت نامہ کی تلخیص ہے (۲) اس فتوت نامے میں وہ اپنی ایک منظوم کتاب صحبت نامہ کا ذکر کرتے ہیں مگر وہ اب ناپید ہے۔ فتوت نامہ میں مصنف کے متعدد فارسی اشعار بھی ملتے ہیں اور ان میں نظام فتوت اور اس کی بعض خصوصیات کو متعارف کرایا گیا ہے، مثلاً :

فتوت شیوہ هر بی ادب نیست　　فتوت پیشہ پیغامبران است
فتوت چیست ؟ ترک جہل گفتن　　کہ جاهل در فتوت بدگمان است
فتوت چیست ؟ در بازار معنی　　ز اخلاق حمیدہ کاروان است
بمعنی آفرینش یک وجود است　　فتوت آفرینش را دهان است
فتوت فرض کردی چون دهانی　　مروت اندر و همچو زبان است
فتوت گلستانی دان سراسر　　مروت همچو گل در گلستان است
کسی کش چشم معنی باز باشد　　فتوت در همه اشیا روان است
فتوت بوستان و شرع چون تخم　　طریقت چون درخت بوستان است
نه هر کورا فتوت دار خوانند　　فتوت را بهر معنی ضمان است
همه جارا زمین گویند لیکن　　زمین خار و جای گلستان است
اگرچہ هر در مروارید باشد　　ز در تا باشبه (۳) فرقی عیان است
بهر صد سال مردی را توان دید　　کہ در دین قبلہ خلق جهان است
فتوت دار را در هر دو عالم　　از ار عز و خدمت برمیان است
فتوت درآن باشد کہ اورا　　اگر مال است و گرجان درمیان است
فتوت درآن کو دل نواز است　　فتوت دارآن کو دل ستان است
اگر خود نیم نانی ملک دارد　　فتوت دار دائم میزبان است (۴)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اگر خود میهمان مست است و کافر　　فتوت دار خاک میهمان است(۵)
جهان را خلق هم چون گلهء دان　　فتوت دار مانند شبان است(۶)

کتاب کا ایک طویل مقدمه هے (صفحه ۱۶۸ تا ۱۸۱) جس میں شیخ موصوف حقوق عبودیت، نظام فتوت کی تاریخ، انبیاء و صحابه کی فتوت، سیرت رسول کے جوانمردانه پهلو (یوں تو ساری سیرت پاک جوانمردی کی هی تفسیر و توضیح کہی جا سکتی هے) اور حکایات فتیان پر روشنی ڈالتے هیں ۔ وه جان و مال کی قربانی کی اهمیت بتاتے هیں اور فرماتے هیں که فتیان وهی هیں جو نفس و جان کو قربان کر سکیں اور مال و منال کو خاطر میں نه لائیں ۔

کتاب کا باقی حصه چند فصول پر مشتمل هے اور جمله مباحث میں مناسب حکایات و امثال موجود هیں ۔

۱ ۔ شرائط و آداب فتوت ۔ یہاں ۱۳ شرائط اور ۴۰ آداب جوانمردان سے بحث کی گئی هے ۔ (۷)

۲ ۔ خصوصیات مسلک فتوت ۔ یہاں جهاد نفس، غزا و معرکے، بذل مال اور فتیان کی دیگر اخلاقی خصوصیات بیان کی گئی هیں ۔

۳ ۔ فتوت کی ایجابی اور سلبی شرائط سے بحث ۔

۴ ۔ مروت

۵ ۔ اقوال بزرگان فتوت

۶ ۔ آداب طعام خوردن فتیان

۷ ۔ عبادت فتیان

ان عنوانات سے کتاب کے محتویات کا قیاس کیا جا سکتا هے ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ۵ ۔ فتوت‌نامه شیخ کاشانی

شیخ عبدالرزاق کاشانی (م ۷۳۶ھ-۱۳۳۶ء) کے القاب جمال الدین اور کمال الدین ھیں ۔ آپ مشہور عربی کتاب ''اصطلاحات الصوفیه،، کے مصنف ھیں ۔ انھوں نے شیخ عبداللہ انصاری (م ۴۸۱ھ-۱۰۸۹ء) کی منازل السائرین اور شیخ ابن عربی (م ۶۳۸ھ- ۱۲۴۱ء) کی فصوص الحکم کی شروح لکھی ھیں ۔ ''تحفة الاخوان فی خصائص الفتیان،، کے نام سے انھوں نے عربی میں ایک فتوت نامه لکھا اور پھر قواعد الفتوة کے نام سے خود ھی اسے فارسی میں ترجمه کیا ھے ۔ بعض لوگ غلطی سے اسے شیخ علاءالدوله سمنانی (م ۷۳۶ھ-۱۳۳۶ء) کی تالیف بتاتے رھے ھیں ۔ شیخ کاشانی اور شیخ سمنانی دو نامور معاصر تھے ۔ وحدت الوجود کی تعبیرات کے سلسلے میں ان کے اختلافات جامی (م ۸۹۸ھ-۱۴۹۲ء) کی نفحات الانس اور ابن الکربلائی (م ۹۹۷ھ-۱۵۸۹ء) کی روضات الجنان و جنات الجنان (جلد دوم) میں دیکھے جا سکتے ھیں ۔ مگر فتوت نامه بہر حال شیخ کاشانی کا ھی ھے ۔ عربی متن راقم الحروف نے فی‌الحال نہیں دیکھا ۔ فارسی متن ۱۹۷۲ء میں اھواز یونیورسٹی (ایران) کے ایک پروفیسر ڈاکٹر محمد دامادی نے شائع کیا (تہران اداره بنیاد فرھنگ) مگر انھیں مؤلف کا علم نه تھا ۔ پھر یه متن مذکوره رسائل جوانمرداں (صفحه ۲ تا ۵۰) میں بہتر طریقے پر شائع ھوا ھے ۔

بہتر ھوگا که یہاں شیخ کاشانی کے فتوت نامے اور مذکوره تین کتب کے علاوه ان کی چند دیگر تالیفات کے نام بھی لکھ دیں ۔

۱ ۔ تاویلات القرآن ۔

۲ ۔ رساله فی القضاء و القدر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



٣ ـ المبدأ و المعاد

٤ ـ اسرار الصلواة

٥ ـ مشكوة العارفين

٦ ـ السراج الوهاج فی تفسیر القرآن

٧ ـ رشح الزلال فی شرح الفاظ المتد اوله بین الاذوق والاحوال

٨ ـ لطائف الاعلام فی اشارات اهل الافهام

شیخ کاشانی کا یه فتوت نامه بهت اهم هے اور بعد کے مصنفین نے اس سے بهرپور استفاده کیا هے ـ کتاب کا ایک مفصل مقدمه هے جس کی چار فصول قائم کی گئی هیں :-

١ ـ حقیقت فتوت

٢ ـ منبع و مظهر فتوت (ذات نبی اکرمؐ اور حضرت علیؓ کا ذکر هے) ـ

٣ ـ ماخذ فتوت (تقریبا شیخ سهروردی کے مختصر فتوت نامے کی سی بحث هے )

٤ ـ مبادی و مبانی فتوت ـ عفت، شجاعت، حکمت عدالت اور سخاوت کے فضائل سے بحث کی گئی هے ـ فرماتے هیں که فتوت کے مظاهر ساری کائنات میں پهیلے هوئے هیں ـ خدائے تعالی نے لوگوں کے استحقاق کے بغیر وسائل بخشش و کرم سے کائنات کو مملو کر رکها هے ـ نبی اکرمؐ کی سیرت دیگر امور زندگی کی طرح فتوت داروں کے لئے بهی نمونه هے ـ آپؐ کے فرمان مبارک ''بعثت لاتمم مکارم الاخلاق،، (میں اس لئے معبوث هوا که مکارم اخلاق کی تکمیل کروں) میں نظام فتوت کا موضوع بهی شامل هے ـ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مقدمے کی طرح کتاب کے اختتامیے کی بھی چند فصول ھیں - یہ فصول حسب ذیل ھیں :

۱ - اکتساب طریق فتوت کے آداب

۲ - فتیان کی سیرت اور نظام فتوت کی خصوصیات

۳ - فتیان کی ضیافت اور خدمت خلق کے آداب -

اصل کتاب کے حسب ذیل دس باب ھیں :

الف - توبہ (ب) سخاوت (ج) تواضع (د) امن و سلامتی (ھ) صدق (و) ھدایت خلائق (ز) نصیحت مخلوق (ح) وفا شعاری (ط) راہ فتوت کی آزمائشیں (ی) اقسام فتوت اور طبقات فتیان -

کتاب میں مناسب مواقع پر عربی اور فارسی اشعار، نیز حکایات و تمثیلات موجود ھیں -

**۶ - رسالہ ,, فتوتیہ ،، مولفہ شاہ ھمدان رح**

شاہ ھمدان، حضرت میر سید علی ھمدانی (۷۱۴-۷۸۶ھ) کا لقب ھے جنھیں امیر کبیر، حواری کشمیر اور علی ثانی بھی کہا جاتا رھا ھے - وہ کئی عربی اور فارسی کتابوں کے مصنف اور شاعر ھیں - انھوں نے ھمدان، ختلان (موجودہ - کولاب، تاجیکستان روس) وادی جموں و کشمیر اور اس کے نواحی علاقوں، جیسے گلگت اور بلتستان وغیرہ میں غیر معمولی دینی اور رفاہ عامہ کی خدمات انجام دیں اور جوانمردی کے عملی نمونے فراھم کئے ھیں (دیکھئے ماھنامہ فکر و نظر بابت ماہ دسمبر ۱۹۷۳ء میں میرا مقالہ) شاہ ھمدان کے رسالہ ''فتوتیہ کو راقم الحروف پہلے ھی خاطر خواہ طور پر متعارف کرا چکا ھے - متن کو ادارہ اوقاف حکومت پاکستان پنجاب نے ۱۹۷۱ء میں لاھور سے شائع کرایا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور اردو ترجمہ ماہنامہ فکر و نظر کے مارچ ۱۹۷۱ء کے شمارے میں شائع ہوا ہے ۔

اس مختصر رسالے میں فتوت کے اخلاقی نظام پہلو پر بھی بھرپور انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے ۔ مصنف اس نظام کو ''اخیت،، (بھائی چارہ) قرار دیتے ہیں ۔ انھوں نے موضوع جوانمردی پر بزرگوں کے اقوال کو جمع کیا اور اپنا سلسلۂ فتوت لکھا ہے ۔ اس نظام کے بعض آداب کی انھوں نے تشریح کی اور حقوق العباد پر توجہ رکھنے کے لئے اس نظام کی معنویت اور حقانیت بیان کی ہے ۔ لکھتے ہیں کہ عام لوگوں کی عبادات بے روح ہوکر رہ گئی ہیں ۔ انھیں صاحبان دل کی حلاوت عبادت میسر نہیں آسکتی ۔ لہذا انھیں حقوق العباد کی ادائیگی کے ذریعے اپنے روحانی مقام کے ارتقا کی خاطر کوشش کرنا چاہئے ۔ حقوق العباد کے ضمن میں بذل مال کی خاص اہمیت ہے ۔ بذل مال میں فیاضی برتنے والے ہی قربانی جان میں پیش پیش ہو سکتے ہیں اور جان و مال کی پرواہ نہ کرنے والے ہی جوانمرد، اخی یافتہ ہیں ۔ ایک دوسرے کی مدد کرتے رہنے کے جذبے کے بارے میں وہ لکھتے ہیں :

''ضروری ہے کہ مسلمان سفر زندگی میں ایک دوسرے کے معاون اور مددگار بنے رہیں ۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مومن ایک عمارت کی مانند ہیں جس کی ہر اینٹ دوسری اینٹ کی پختگی اور استواری کا موجب بنتی ہے ۔ قرآن مجید میں وارد ہے کہ (آیت ۔ ۱۱ سورہ الحجرات) مومنین بے شک آپس میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں ۔ برادری کا تقاضا یہی ہے کہ ایک دوسرے کی تکلیف کا احساس کیا جائے اور دین و دنیا کے جملہ کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کیا جائے فرماتے ہیں کہ دنیا کے بندوں نے برادری کے اصول



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فراموش کر دئے تھے مگر اہل فتوت ان کے احیاء کے لئے کوشاں ہیں ۔ اخی یا جوانمرد کے اوصاف ان کی نظر میں یہ ہیں :

''وہ بوڑھوں کا احترام کرے، جوانوں کو نصیحت دے، بچوں کے ساتھ شفقت کرے، کمزوروں کے ساتھ مہربانی کرے، مساکین سے سخاوت برتے، عالمان دین کا وقار ملحوظ رکھے، ظالموں سے دشمنی رکھے، بدکاروں کی توہین کرے، عام لوگوں کے ساتھ احسان و مروت برتے، خدا کے حضور خضوع و خشوع کرے، خواہش نفس پر حکمراں ہو، شیطان کا مقابلہ کرے، لوگوں کے مظالم کو سہتا رہے، دشمنوں کے ساتھ برد بار ہو، مصائب پر صبر کرے، خدا سے امید وابستہ رکھے اور شکر نعمت ادا کرے ، اپنے عیوب نفس کا شناسا ہو، دوسروں کے عیوب سے ساکت ہو، اپنے مقدر پر راضی اور قانع ہو، شریعت پر استوار ہو اور طریقت تصوف میں ثابت قدم، ہوا و ہوس سے دور ہو، تہمت و بہتان سے دور ہو، بدنامی کو مول نہ لے، غافلوں سے دوری اختیار کرے، ماتحتوں پر مہربان ہو اور اپنے سے بڑوں کا مطیع، نیکی کے کام میں دوسروں سے تعاون کرے اور ہر کسی کے ساتھ ایک اچھے انسان کا سا برتاؤ کرے''۔۔۔

## ۷۔ فتوت نامہ سلطانی مولفہ کاشفی

اخلاق محسنین اور انوار سہیلی کے مصنف حسین واعظ کاشفی سبزواری (م ۹۱۰ھ- ۱۵۰۵ء) کا یہ فتوت نامہ خاصا مفصل ہے۔ اسے ۱۹۷۱ء میں استاذی ڈاکٹر محمد جعفر محجوب نے تہران سے شائع کرایا ہے (انتشارات بنیاد فرہنگ) انھوں نے کوئی ۹۰ صفحے کا مقدمہ لکھا۔ اس میں انھوں نے فتوت کے بارے میں راقم الحروف کی تحقیقات کا بھی ذکر کیا ہے (صفحہ ۷۹ و ۸۰)۔ کتاب کا متن تقریباً ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اسے انھوں نے دو مخطوطات کی مدد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے مرتب کیا ۔ فی الحال کتاب کے یہی مخطوطے معلوم ہو سکے ۔ مگر مصنف کی فہرست مندرجات کے مطابق یہ متن ہنوز ناسکمل ہے ۔ یا مصنف فہرست مطالب کے مطابق کتاب کو سکمل نہ کرسکا، یا یہ مخطوطے ناقص ہیں ۔ موجودہ متن میں ایک مقدمہ ہے جس میں تین فصول ہیں ۔ ان فصول میں نظام فتوت کی تاریخ اور انبیاء، صحابہ اور دیگر صالحین کی فتوت کا ذکر ہے ۔ بعد میں مفصل ۷ ابواب ملتے ہیں :

۱ ۔ مظاہر فتوت، رابطہ فقر و تصوف و طریقت بافتوت (۲) مسلک فتوت کا پیرو مرشد (۳) نقیب اور استادان شد کا حال (۴) خرقہ فتوت (۵) آداب فتیان (۶) فتیان سیفی (۷) سلاح اهل فتوت ۔ ان سات ابواب کو مصنف نے کئی کئی فصلوں میں تقسیم کیا ہے ۔ پہلے تا ساتویں باب کی فصول بالترتیب یوں ہیں ۔ ۴، ۴، ۱۰، ۱۱، ۱۶، ۳، ۷ ۔ فتوت نامہ کسی اختتامی گفتگو کے بغیر ہے ۔ فہرست مطالب (مقدمہ) کے مطابق اس کے ۱۲ باب ہونے چاہیئے تھے ۔

اس فتوت نامے کے ذریعے جو سوال و جواب کے انداز میں لکھا گیا ہے نظام فتوت کے جملہ آداب معلوم ہو سکتے ہیں ۔ انھوں نے سماعی باتیں اور داستانیں بھی لکھ دی ہیں ۔ بظاہر یہ فارسی کا آخری فتوت نامہ ہے ۔ مصنف نے کتاب کے متن میں اپنے ماخذ کا بھی کہیں کہیں ذکر کیا ہے، مثلاً ان کتابوں کا : حدیقة الحقیقه از سنائی، تذکرة الاولیا، از عطار اسرار التوحید (گفتار شیخ ابو سعید ابو الخیر م ۴۴۰ھ-۱۰۴۹) کشف المحجوب (مصنفه سید علی هجویری جلابی داتا گنج بخش م ۴۶۵ھ-۱۰۷۳) سیر الملوک یا سیاست نامه (مصنف نظام الملک طوسی م ۴۷۵ھ-۱۰۸۳)، احیاء علوم الدین (از امام محمد غزالی م ۵۰۵ھ-۱۱۱۱) ، کتاب الفتوة لا بن المعمار الحنبلی (م ۶۴۲ھ-۱۲۴۴ء) قواعد الفتوه (یا فتوت نامه از شیخ عبدالرزاق کاشانی) اور خاور نامه



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(حضرت علی کی جنگوں کی فرضی داستانیں جس کا مولف نامعلوم ہے)

اس کتاب میں نظام فتوت کے دور عروج اور پھر انحطاط کا ذکر موجود ہے۔ مصنف نے عربی اور فارسی کے اشعار بھی فراوانی کے ساتھ نقل کئے ہیں۔ چند دل آویز فارسی اشعار نقل کرکے ہم اس تعارف کو ختم کئے دیتے ہیں۔

هست جوانمرد درم صد هزار کار چو با جان افتد آن جاست کار (امیر خسرو)

چون بسی ابلیس روی مردم است پس به هر دستی نباید داد دست
عشق جان طور آمد عاشقا طور مست و خر موسی صاعقا
کار درویشی ورای فهم تست سوی درویشان بمنگر سست سست
کاسه چشم حریفان پر نشد تا صدف پر در نشد گوهر نشد
گفت پیغمبر که هر کو سر نهفت زود گردد بامراد خویش جفت
چون گرفتی پیر نازک دل مباش سست ورزیده چو آب وگل مباش
پیر آئینه است جان را در حزن در رخ آئینه ای جان دم مزن
چون گرفتی پیرهین تسلیم شو هم چو موسی زیر حکم خضر رو
ور به هر زخمی تو پر کینه شوی پس کجا بی صیقل آئینه شوی (رومی)
این دغل دوستان که می بینی مگسانند گرد شیرینی
تا حطامی که هست می نوشند همچو زنبور برتو می جوشند
وان زمانی که ده خراب شود کیسه چون کاسه رباب شود
ترک صحبت کنند و دلداری دوستی خود نبود پنداری
راست گویم، سگان بازارند کاستخوان از تو دوست تردارند (سعدی)
عیب است بلند برکشیدن خود را و ز جمله عالم برگزیدن خود را
از مردمک دیده بباید آموخت دیدن همه کس را و ندیدن خود را

(میر سید علی همدانی، شاه همدان)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۵۷

آسماں بار امانت نتوانست کشید قرعه فال بنام من دیوانه زدند
خوش بود گر محک تجربه آید به میان تا سیه روی شود هر که درو غش باشد

(خواجه حافظ)

کتاب امام علی بن موسی رضا مدفون مشهد کے نام معنون ہے اسی لئے اس کا نام ''فتوت نامه سلطانی،، رکھا گیا ہے۔ مصنف مذہباً شیعه تھے یا کم از کم اس مذہب کی طرف شدید تمائل رکھتے تھے مگر انھوں نے جمله فرق اسلامی کے بزرگوں کا ذکر ارادت و احترام کے ساتھ کیا ہے۔

## حواشی حواله حات

(۱) معروف مجله Islamica کے ۱۹۳۱ء اور ۱۹۳۲ء کے کئی شمارے دیکھے جا سکتے ہیں۔

(۲) اس کی ایک وجه یه ہے که ابن الکربلائی نے روضات الجنان و جنات الجنان (جلد اول) میں فتوت نامه زرکوب کا جو طویل اقتباس نقل کیا ہے، وہ اس متن میں موجود نہیں ہے۔

(۳) جھوٹا موتی۔

(۴) نیم نانی گر خورد مرد خدا بذل درویشان کند نیمی دگر
ملک اقلیمی بگیرد پادشاہ هم چناں دربند اقلیمی دگر

(سعدی ، گلستان)

(۵) دیکھئے '' بوستان سعدی ،، میں حضرت ابراهیمؑ کے هاں کسی کافر کے مہمان ہونے کا واقعه۔

(۶) حدیث رسول ہے : کلکم راعی و کلکم مسئول عن رعیته۔

(۷) شرائط نظام فتوت میں داخل ہونے سے مربوط ہیں اور آداب ، وہ اخلاقی اور عملی خواص ہیں جن سے فتیان اپنے اپنے عمل کے مطابق ترقی کرتے اور تکامل سے قریب ہوتے جاتے ہیں۔

---



© rasailojaraid.com